# 18th Meeting of the Working Mechanism for Consultation & Coordination on India-China Border Affairs

August 20, 2020

---

## بھارت چین سرحدی امور پر مشاورت اور رابطے کیلئے ورکنگ میکانزم کا 18 واں اجلاس

20 اگست، 2020

بھارت چین سرحدی امور پر مشاورت اور رابطے کیلئے ورکنگ میکانزم (ڈبلیو ایم سی سی) کا 18 واں اجلاس آج منعقد ہوا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے جوائنٹ سکریٹری (مشرقی ایشیا) نے کی جبکہ چینی وفد کی قیادت، چینی وزارت خارجہ کے ما تحت باؤنڈری اور سمندری امور شعبہ کے ڈائریکٹر جنرل نے کی۔

2۔ ہندوستان اور چین کے سرحدی علاقوں میں موجودہ صورتحال پر دونوں فریقین نے واضح اور گہرائی سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات کی تاکید کی کہ دونوں وزرائے خارجہ اور دونوں خصوصی نمائندوں (ایس آر) کے مابین طے پانے والے معاہدوں کے مطابق، دونوں فریق مغربی سیکٹر میں لائن آف ایکچول کنٹرول (ایل اے سی) پر فوجیوں کی مکمل پیچھے ہٹنے کے لئے مخلصانہ طور پر کام کرتے رہیں گے۔ اس تناظر میں انہوں نے بقایا معاملات کو تیزی سے اور موجودہ معاہدوں اور پروٹوکول کے مطابق حل کرنے پر اتفاق کیا۔ دونوں فریقوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دو طرفہ تعلقات کی مجموعی ترقی کے لئے سرحدی علاقوں میں امن اور شانتی کی بحالی ضروری ہوگی۔

3۔ دونوں فریقوں نے سفارتی اور فوجی دونوں چینلز کے ذریعے قریبی رابطے کو برقرار رکھنے کی ضرورت کو مزید تسلیم کیا تاکہ فوج کو مکمل پیچھے ہٹنے کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس سلسلے میں، انہوں نے ڈبلیو ایم سی سی کی میٹنگوں کے ذریعے اپنے جاری رابطے کو برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**20 اگست، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.